aglasem.com

FOR KUET EXAM PREPARATION

KUET 2021 Question Paper · M.A. Urdu

EXAM	YEAR	TYPE	SUBJECT
KUET	2021	Question Paper	M.A. Urdu

Sr. No. .....

ENTRANCE TEST-2021

SCHOOL OF ARTS, LANGUAGES AND LITERATURES

URDU

Total Questions : 60
Time Allowed : 70 Minutes

Question Booklet Series A

Roll No. : | | | | | | |

Instructions for Candidates :

1. Write your Entrance Test Roll Number in the space provided at the top of this page of Question Booklet and fill up the necessary information in the spaces provided on the OMR Answer Sheet.
2. OMR Answer Sheet has an Original Copy and a Candidate's Copy glued beneath it at the top. While making entries in the Original Copy, candidate should ensure that the two copies are aligned properly so that the entries made in the Original Copy against each item are exactly copied in the Candidate's Copy.
3. All entries in the OMR Answer Sheet, including answers to questions, are to be recorded in the Original Copy only.
4. Choose the correct / most appropriate response for each question among the options A, B, C and D and darken the circle of the appropriate response completely. The incomplete darkened circle is not correctly read by the OMR Scanner and no complaint to this effect shall be entertained.
5. Use only blue/black ball point pen to darken the circle of correct/most appropriate response. In no case gel/ink pen or pencil should be used.
6. Do not darken more than one circle of options for any question. A question with more than one darkened response shall be considered wrong.
7. There will be **'Negative Marking'** for wrong answers. Each wrong answer will lead to the deduction of 0.25 marks from the total score of the candidate.
8. Only those candidates who would obtain positive score in Entrance Test Examination shall be eligible for admission.
9. Do not make any stray mark on the OMR sheet.
10. Calculators and mobiles shall not be permitted inside the examination hall.
11. Rough work, if any, should be done on the blank sheets provided with the question booklet.
12. OMR Answer Sheet must be handled carefully and it should not be folded or mutilated in which case it will not be evaluated.
13. Ensure that your OMR Answer Sheet has been signed by the Invigilator and the candidate himself/ herself.
14. At the end of the examination, hand over the OMR Answer Sheet to the invigilator who will first tear off the original OMR sheet in presence of the Candidate and hand over the Candidate's Copy to the candidate.

SS-5421–A 1 * **[Turn over**

1. غزل کا واحدِ متکلم کون ہوتا ہے؟
(A) عاشق
(B) معشوق
(C) رقیب
(D) ناصح

2. اردو کے پہلے غزل گو شاعر کو پہچانئے۔
(A) ولی دکنی
(B) امیر خسرو
(C) مظہر جانِ جاناں
(D) سراج اورنگ آبادی

3. اردو غزل گو شاعروں میں کس کو خدائے سخن کا لقب حاصل ہے؟
(A) مرزا غالب
(B) قلی قطب شاہ
(C) میر تقی میر
(D) ولی دکنی

4. یہ حال ہوا اُس کے فقیروں سے ہویدا .....
اس شعر کا دوسرا مصرعہ پہچانئے۔
(A) آلودۂ دنیا جو ہے بیگانہ اُس کا
(B) لبریز مے شوق سے پیمانہ ہے اُس کا
(C) معلوم ہوا سوختہ پیمانہ ہے اُس کا
(D) ہُشیار وہی ہے کہ جو دیوانہ ہے اُس کا

5. ذیل میں دیئے گئے شاعروں میں سے کس نے میر تقی میرؔ کے اسلوب و طرزِ ادا کا احیاء کیا؟
(A) فیض احمد فیض
(B) شہریار
(C) حامدی کاشمیری
(D) ناصر کاظمی

6. حامدی کاشمیری کے مجموعہ کلام کو پہچانئے۔
(A) لہو لمس چنار
(B) لاانسان
(C) لاحرف
(D) ہجومِ آئینہ

7. کس کا قول ہے کہ ''فیض احمد فیض کا مجموعۂ کلام نقش فریادی ایک ایسے شاعر کی غزلوں اور نظموں کا مجموعہ ہے جو رومان اور حقیقت کے سنگم پر کھڑا ہے'' ؟
(A) ن۔م راشد
(B) اختر الایمان
(C) میراجی
(D) اختر اورینوی

8. آسیب کون سا ہے تعاقب میں شہر کے .....
دوسرا مصرعہ پہچانئے۔
(A) گھر بن رہے ہیں نقلِ مکانی بھی ساتھ ہے
(B) اک نیند لانے والی کہانی بھی ساتھ ہے
(C) چھوڑی ہوئی جگہ کی نشانی بھی ساتھ ہے
(D) تازہ ہوا کے، یاد پرانی بھی ساتھ ہے

9. نظم معریٰ کے بارے میں صحیح بیان کو پہچانئے :
(A) مرکزی خیال سے آزاد
(B) بحور و اوزان کی پابندی سے آزاد
(C) تسلسلِ بیان سے آزاد
(D) قافیہ و ردیف کی پابندی سے آزاد

aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com

10. جس کی نومیدی سے ہو سوزِ درونِ کائنات
اس کے حق میں تقنطو اچھا ہے یا لا تقنطو
اس شعر میں کون کس سے مخاطب ہے؟
(A) ابلیس جبریل سے
(B) جبریل ابلیس سے
(C) اللہ جبریل سے
(D) جبریل اللہ سے

11. حکیم منظور کی پیدائش کشمیر کے کس ضلع میں ہوئی ہے؟
(A) سری نگر
(B) بارہ مولہ
(C) بڈگام
(D) اننت ناگ

12. کس شاعر کو شاعر انقلاب کے لقب سے جانا جاتا ہے؟
(A) سردار جعفری
(B) فیض احمد فیض
(C) جوش ملیح آبادی
(D) علامہ اقبال

13. کون سی صنف بیانیہ شاعری کی معراج سمجھی جاتی ہے؟
(A) مثنوی
(B) غزل
(C) قصیدہ
(D) رباعی

14. بے نظیر اور بدر منیر کس مثنوی کے کردار ہیں؟
(A) قطب مشتری
(B) گلزار نسیم
(C) زہر عشق
(D) سحر البیان

15. آمد کس شعری صنف کا جز ہے؟
(A) مرثیہ
(B) قصیدہ
(C) مثنوی
(D) رباعی

16. میر ببر علی انیسؔ نے ابتداء میں کیا تخلص اختیار کیا تھا؟
(A) شاذ
(B) کلیم
(C) حزیں
(D) ناشاد

17. نسیب کس شعری صنف کا جز ہے؟
(A) نعت
(B) مرثیہ
(C) مثنوی
(D) قصیدہ

18. اٹھ گیا بہمن ودے کا چمنستان سے عمل
تیغ اُردی نے کیا ملک خزاں مستاصل
سوداؔ کے قصیدے کے اِس مطلع میں بہمن ودے اور اُردی سے کیا مراد ہے؟
(A) مہینوں کے نام
(B) موسموں کے نام
(C) ہتھیاروں کے نام
(D) بادشاہوں کے نام

19. میر انیسؔ کے یہاں کس طرح کی رباعیات نہیں نظر آتیں؟
(A) خمریہ رباعیات
(B) رثائی رباعیات
(C) حمدیہ رباعیات
(D) نعتیہ رباعیات

20. اپنے زمانے کے سماجی حالات کا عکس کس کی رباعیات میں واضح طور پر نظر آتا ہے؟
(A) الطاف حسین حالی
(B) میر انیسؔ
(C) امجد حیدر آبادی
(D) فراق گورکھپوری

aglasem.com
For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com

21. ''داستان کہانی کی طویل اور پیچیدہ بھاری بھرکم صورت ہے''
یہ کس کا قول ہے؟
(A) گیان چند جین
(B) کلیم الدین احمد
(C) آل احمد سرور
(D) سیدہ جعفر

22. رجب علی بیگ سرور کس داستان کے خالق ہیں؟
(A) رانی کیتکی کی کہانی
(B) فسانۂ عجائب
(C) باغ و بہار
(D) قصہ مہر و ماہ

23. ارسطو کے مطابق ڈرامے کے اجزائے ترکیبی کی تعداد کتنی ہے؟
(A) چھ
(B) آٹھ
(C) دس
(D) بارہ

24. ڈراما ''خانہ جنگی'' کے تیسرے ایکٹ کا مکان کیا ہے؟
(A) عدالت
(B) آگرہ کا قلعہ
(C) ملا ابوالقاسم کا مدرسہ
(D) جامع مسجد کے زینے

25. کس صنف کو Pocket Theatre بھی کہا گیا ہے؟
(A) ناول
(B) افسانہ
(C) ڈراما
(D) داستان

26. راجندر سنگھ بیدی کا ناول ''ایک چادر میلی سی'' کا پس منظر کیا ہے؟
(A) دکن کا مسلم سماج
(B) لکھنؤ کی زوال پذیر معاشرت
(C) پنجاب کی دیہاتی زندگی
(D) اودھ کی مشترکہ تہذیب

27. ''کیسا برا رواج ہے جسے جیتے جی تن ڈھانکنے کو چیتھڑا نہ ملے اُسے مرنے پر نیا کپھن چاہئے''
یہ جملہ افسانہ 'کفن' کے کس کردار کا ہے؟
(A) گھیسو
(B) مادھو
(C) بدھیا
(D) زمیندار

28. فسادات کے موضوع پر کرشن چندر کے لکھے افسانوی مجموعے کو پہچانئے
(A) ہم وحشی ہیں
(B) سیاہ حاشیے
(C) ڈار سے بچھڑے
(D) عشق کا چاند اندھیرا

29. انشائیہ کے لئے انگریزی میں کون سے لفظ مستعمل ہیں؟
(A) Light Essay
(B) Essay
(C) Write Up
(D) Composition

30. ذیل میں دیا گیا اقتباس آپ کے نصاب میں شامل کس سبق سے منتخب کیا گیا ہے؟
''پھر دیکھا کہ تھوڑی ہی دور آگے رنگیلے چمکیلے پھول کھلے ہیں۔ آبِ زلال کے چشمے دھوپ کی چمک سے جھلمل جھلمل کر رہے ہیں۔''
(A) اُمید کی خوشی
(B) قحط الرّجال
(C) گلشن اُمید کی بہار
(D) جھینگر

31. ذیل میں دیا گیا اقتباس آپ کے نصاب میں شامل کس سبق سے منتخب کیا گیا ہے؟

''اے پروفیسر! اے فلاسفر! اے متوکل درویش! اے نغمۂ ربانی گانے والے قوال! ہم تیرے غم میں نڈھال ہیں اور توپ کی گاڑی پر تیری لاش اُٹھانے کا اور اپنے بازو پر کالا نشان باندھنے کا رزولیوشن پاس کرتے ہیں''۔

(A) جھینگر
(B) قحط الرجال
(C) اُمید کی خوشی
(D) گلشنِ امید کی بہار

32. سرسید احمد خان نے سائنٹفک سوسائٹی کی بنیاد کہاں پر ڈالی؟

(A) علی گڑھ
(B) غازی پور
(C) اعظم گڑھ
(D) لکھنؤ

33. آپ کے نصاب میں شامل آغا حشر کاشمیری کا خاکہ کس مصنف نے تحریر کیا ہے؟

(A) چراغ حسن حسرت
(B) مجتبیٰ حسین
(C) کنہیالال کپور
(D) پطرس بخاری

34. ''مرید پور کا پیر'' کس نوعیت کا مضمون ہے؟

(A) مذہبی
(B) انشائیہ
(C) تنقیدی
(D) طنز و مزاح

35. سفرنامہ ''جاپان چلو جاپان چلو'' کے مصنف کا نام پہچانئے۔

(A) مجتبیٰ حسین
(B) پطرس بخاری
(C) ابنِ انشاء
(D) ابوالکلام آزاد

36. کنہیالال کپور کا سنِ ولادت کیا ہے؟

(A) 1910
(B) 1920
(C) 1930
(D) 1940

37. کس مشہور ادبی شخصیت کو بنّے بھائی کے نام سے جانتے تھے؟

(A) علی باقر
(B) ملک راج آنند
(C) علی سردار جعفری
(D) سجاد ظہیر

38. مضمون ''غالب جدید شعراء کی محفل میں'' کس کی تخلیق ہے؟

(A) کنہیالال کپور
(B) مجتبیٰ حسین
(C) رشید احمد صدیقی
(D) چراغ حسن حسرت

39. ذیل میں دیا گیا اقتباس آپ کے نصاب میں شامل کس سبق سے منتخب کیا گیا ہے؟

''مونالیزا کی شہرۂ آفاق مسکراہٹ کے بعد اگر کسی مسکراہٹ نے مجھے مسحور کیا ہے تو وہ بنّے بھائی کی مسکراہٹ.....''۔

(A) غالب جدید شعراء کی محفل میں
(B) آغا حشر
(C) سجاد ظہیر
(D) اُمید کی خوشی

40. انجمن ترقی پسند مصنفین کے پہلے صدر کا نام کیا تھا؟

(A) ڈاکٹر دین محمد تاثیر
(B) سجاد ظہیر
(C) ڈاکٹر جیوتی گھوش
(D) ملک راج آنند

41. انجمن ترقی پسند مصنفین کی پہلی کانفرنس کی صدارت کس ادیب نے کی؟

(A) کرشن چندر
(B) سجاد ظہیر
(C) پریم چند
(D) جیوتی گھوش

aglasem.com
For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com

42. فورٹ ولیم کالج کس دریا کے کنارے واقع تھا؟
(A) دریائے ہُگلی
(B) دریائے راوی
(C) دریائے سندھ
(D) دریائے جمنا

43. ڈاکٹر گلکرائسٹ کے انگلستان لوٹنے کے بعد فورٹ ولیم کالج میں شعبہ اردو کا صدر اور پروفیسر کسے مقرر کیا گیا؟
(A) کپتان ٹامس روبک
(B) کپتان جوزف ٹیلر
(C) ولیم اسمتھ
(D) حیدر بخش حیدری

44. ذیل میں دیا گیا بیان کس کا ہے؟
''سرسید اور ان کی جماعت کے لوگوں نے اردو کو جو علمی اعتبار سے اُس وقت تک ایک بے مایہ زبان تھی، تھوڑے عرصے میں اعلیٰ علمی جواہر ریزوں سے مالا مال کر دیا۔''
(A) ڈاکٹر قمر رئیس
(B) ڈاکٹر عبدالحق
(C) ڈاکٹر سید عبداللہ
(D) ڈاکٹر خلیل الرحمٰن اعظمی

45. میر تقی میرؔ کے لکھے تذکرے کو پہچانئے۔
(A) نکات الشعراء
(B) تذکرۂ ریختہ گویاں
(C) مخزنِ نکات
(D) تذکرۂ شعرائے اردو

46. کس نقاد کے مطابق شعری اظہار جبلی احساس کا فوری اور بے ساختہ اظہار ہے؟
(A) شبلی نعمانی
(B) الطاف حسین حالیؔ
(C) امداد امام اثر
(D) کلیم الدین احمد

47. شاعری میں زندگی کی عکاسی یا تصویر کشی کو شبلی نعمانی نے کیا نام دیا ہے؟
(A) مشاہدہ
(B) تخیل
(C) محاکات
(D) سلاست

48. کس کا قول ہے کہ ''لفظ جسم ہے اور مضمون روح اور دونوں کا ارتباط باہم ایسا ہے کہ ایک کے بغیر دوسرے کا وجود ممکن نہیں'' ؟
(A) ابنِ رشیق
(B) قدامہ بن جعفر
(C) شبلی نعمانی
(D) الطاف حسین حالیؔ

49. سب سے پہلے کس حاکم نے جموں و کشمیر میں اردو زبان کو سرکاری زبان کا درجہ دیا؟
(A) مہاراجہ پرتاپ سنگھ
(B) مہاراجہ رنبیر سنگھ
(C) مہاراجہ گلاب سنگھ
(D) مہاراجہ رنجیت سنگھ

50. کشمیر کا پریم چند کسے کہتے ہیں؟
(A) حامدی کاشمیری
(B) پریم ناتھ در
(C) پشکر ناتھ
(D) پریم ناتھ پردیسی

51. اخبار آئینہ کے بانی مدیر کا نام پہچانئے:
(A) شمیم احمد شمیم
(B) خواجہ ثناء اللہ بٹ
(C) صوفی غلام محمد
(D) پریم ناتھ بزاز

aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com

52. کشمیر کے مشہور اردو شاعر فرید پربتی کا اصلی نام بتایئے۔
(A) فرید احمد بٹ
(B) غلام محمد بٹ
(C) غلام نبی بٹ
(D) فردوس احمد بٹ

53. غالب کلکتہ کب پہنچے؟
(A) فروری 1828ء
(B) نومبر 1829ء
(C) جولائی 1830ء
(D) ستمبر 1831ء

54. ذیل میں دیا گیا قول کس مشہور ناقد کا ہے؟
''بیدلؔ کی مشکل پسندی اور گہرائی، عرفی کی بلند خیالی اور رنگینی، نظیری کی پُرکاری اور ظہوری کی تہ داری کے بے شمار رنگوں نے مل کر غالبؔ کے فن کو ایک اچھی خاصی قوسِ قزح بنا دیا ہے۔''
(A) عبادت بریلوی
(B) حسرت موہانی
(C) ظ۔ انصاری
(D) عبدالرحمٰن بجنوری

55. مرزا غالبؔ کے بارے میں درج ذیل قول کس ادیب کا ہے؟
''ظرافت ان کے مزاج میں اس قدر تھی کہ ان کو بجائے حیوانِ ناطق کے حیوانِ ظریف کہا جائے تو بجا ہے۔''
(A) شبلی نعمانی
(B) اسلوب احمد انصاری
(C) نظم حیدر طباطبائی
(D) الطاف حسین حالی

56. غالبؔ نے قصیدہ ''ہاں مہِ نو سنیں ہم اُس کا نام'' کس شان میں لکھا ہے؟
(A) حضرت علی
(B) بہادر شاہ ظفر
(C) شاہ اکبر ثانی
(D) اُستاد ذوق

57. اقبال نے سب سے پہلے کسی عام جلسے میں کون سی نظم پڑھی تھی؟
(A) ہمالہ
(B) پرندے کی فریاد
(C) جگنو
(D) صبح کا ستارہ

58. اقبال کے مجموعہ کلام 'بالِ جبریل' میں موجود غزلوں کی کل تعداد کیا ہے؟
(A) 76
(B) 81
(C) 94
(D) 98

59. درج ذیل شعر سے اقبال کی کس نظم کی ابتداء ہوتی ہے؟
''ہوا خیمہ زن کاروانِ بہار ارم بن گیا دامنِ کوہسار''
(A) ساقی نامہ
(B) روحِ ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے
(C) بزم انجم
(D) جگنو

60. درجِ ذیل شعر میں شاعر کس سے مخاطب ہے؟
تابندہ قوم ساری گردوں نشیں تمہاری
چھیڑوں سرود ایسا جاگ اٹھیں سونے والے
(A) فرشتوں سے
(B) مسلمانوں سے
(C) اُڑتے پرندوں سے
(D) ستاروں سے

ROUGH WORK